دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جامعہ پریم چند آرکائیوز اینڈ لٹریری سینٹر کے زیر اہتمام منعقدہ اولین قرۃ العین حیدر یادگاری خطبہ ارشاد فرمایا

New Delhi 12 March 2026

جامعہ پریم چند آرکائیوز اینڈ لٹریری سینٹر، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے زیر اہتمام مورخہ دس مارچ دو ہزار چھبیس کو اولین قرۃ العین حیدر یادگاری خطبے کا انعقاد کیا گیا۔ یہ اہم اور موقر خطبہ عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے دیا جب کہ پروگرام کی صدارت عالی وقار پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے فرمائی۔

اولین قرۃ العین حیدر یادگاری خطبہ بعنوان: رومی اور کبیر: تقابلی مطالعہ' پر اظہار خیال کرتے ہوئے پروفیسر مظہر آصف نے یونیورسٹی کے فیکلٹی اراکین، اسکالرز اور طلبہ پر مشتمل سامعین کے سامنے انتہائی فکر انگیز عالمانہ خطبہ پیش کیا۔ پروفیسر آصف نے رومی اور کبیر کے سلسلے میں تفصیل سے گفتگو کرتے ہوئے متعدد موضوعات و مسائل سے متعلق دونوں کی گہری مماثلت کو اجاگر کیا۔ پروفیسر آصف نے قرآن کریم کی آیات، احادیث مبارکہ اور فارسی، اردو اور ہندی شاعری سے بڑی تعداد میں حوالے دیتے ہوئے وضاحت وصراحت کے ساتھ موضوع سے متعلق مختلف خیالات و افکار کو مربوط انداز میں بیان کیا۔ انہوں نے انسانی اقدار، محبت، انسانیت اور اخوت و بھائی چارہ کے سلسلے میں رومی اور کبیر کی تعلیمات میں مماثلت کو اجاگر کیا۔ جلال الدین رومی اور کبیر سے متعلق ان کی بصیرت افروز اور پرمغز گفتگو نے پورے پروگرام کے لیے موثر اور تحریک زا فضا پیدا کردی۔ دونوں عظیم صوفی شعرا کے فلسفیانہ اور روحانی مماثلتوں کے سلسلے میں ان کی گہری اور ثروت مند گفتگو نے سامعین کو مشترکہ صوفیانہ روایت پر غور وخوض کا ایک نادر موقع فراہم کیا۔

پروگرام کی صدارت کی درخواست قبول کرنے پر پروفیسر آصف نے پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کا شکریہ ادا کیا اور صدر اجلاس نے بین الاقوامی تعلقات اور سیاست پر اپنی نگاہ اور مہارت سے طلبہ کی بصیرتوں میں اضافہ کیا۔

پروفیسر اقتدار محمد خان، ڈین، فیکلٹی آف ہیومنی ٹیز اینڈ لینگویجیز، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے قرآن کریم سے متعلق ان کی گہری اور وسیع معلومات کے لیے نیز روانی کے ساتھ مختلف زبانوں پر کامل دستگاہ کے لیے پروفیسر مظہر آصف کی تعریف کی۔

اس موقع پر پریم چند آرکائیوز اینڈ لٹریری سینٹر کے اعزازی ڈائریکٹر پروفیسر شہزاد انجم نے آرکائیوز میں منعقدہ پروگراموں اور سرگرمیوں کے انعقاد میں بھر پور تعاون دینے کے لیے عزت مآب پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کا صمیم قلب سے شکریہ ادا کیا۔ کیوں کہ ایسی علمی وادبی سرگرمیوں کے انعقاد سے آرکائیوز نے اسکالرز، طلبہ اور فیکلٹی اراکین میں بحث ومباحثہ کی سطح بہتر کرنے کا طویل سفر طے کیا ہے۔

ڈاکٹر خالد مبشر، شعبہ اردو جامعہ ملیہ اسلامیہ نے پروگرام کی نظامت کے فرائض انجام دیے۔ اس موقع پر ڈاکٹر سید محمد عامر ،آرکائیوسٹ نے قرۃ العین حیدر کا تعارف پیش کرتے ہوئے ان کی سوانح اور تصنیفات وتالیفات سے متعلق ایک مختصر نوٹ پڑھا۔ محترمہ اسنگدھا رائے ،آرکائیوسٹ نے معزز خطیب کا تعارف پیش کرتے ہوئے اکیڈمک شعبے میں ان کی حصولیابیوں کا ذکر کیا۔ محترمہ شردھا شنکر، اسسٹنٹ آرکائیوسٹ کے اظہار تشکر کے ساتھ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

قرۃ العین حیدر (انیس سو اٹھائیس تا دو ہزار سات) اپنی پرکار نثر کے لیے مشہور ایک ممتاز اردو فکشن نگار ہیں۔ انہوں نے اردو اور انگریزی دونوں زبانوں میں خامہ فرسائی کی ہے نیز ان کی تخلیقات متعدد ہندوستانی زبانوں میں ترجمہ ہوئی ہیں۔ انیس سو نواسی میں انہیں ہندوستان کا سب سے عظیم ادبی اعزاز گیان پیٹھ ملا۔ انہیں دو ہزار پانچ میں پدم بھوشن سے بھی سرفراز کیا گیا۔

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ